# ملّاح کا گیت

ورک شیٹ برائے سبق ۱۴

صفت: وہ لفظ جو کسی اسم کی خوبی، خامی، مقدار یا حالت کو ظاہر کرے۔ مثلاً لال پھول، ایک قلم، پیارا بچّہ ۔ ان الفاظ میں لال، ایک اور پیارا ان اسموں کی صفت ہیں۔

۱۔ دیے گئے جُملوں میں خالی جگہ پر مناسب صفت لکھیے:

| | |
|---|---|
| (ا) یہ بہت ______ کتاب ہے۔ | (لمبی / پرانی) |
| (ب) وہ لڑکا بہت ______ ہے۔ | (نیلا / سست) |
| (ج) آج موسم ______ ہے۔ | (خوشگوار / چھوٹا) |
| (د) یہ تحفہ بہت ______ ہے۔ | (خُوب صُورت / قریب) |
| (ہ) یاسر کے پاس ______ قلم ہیں۔ | (چار/ خوشگوار) |
| (و) اس کا کمرہ بہت ______ ہے۔ | (موٹا / صاف) |
| (ز) یہ راستہ بہت ______ ہے۔ | (لال / طویل) |
| (ح) یہ آم ______ ہے۔ | (میٹھا / اونچا) |
| (ط) یہ کام ______ ہے۔ | (مشکل / نیچا) |
| (ی) اس باغ میں بہت سے ______ پھول ہیں۔ | (رنگین / تیز) |

۲۔ دیے گئے جُملوں میں صفت تلاش کر کے خط کشیدہ کیجیے اور نئے جُملے بنائیے۔

(ا) یہ کتاب دل چسپ ہے۔

(ب) راشد کے کپڑے صاف ہیں۔

(ج) وہ تصویر خُوب صُورت ہے۔

(د) آج موسم بہت گرم ہے۔

(ہ) چڑیا کی آواز میٹھی ہے۔

(و) اس پہاڑ پر چڑھنا مشکل ہے۔

| جُملے | صفت |
|---|---|
| نانی جان نے دل چسپ کہانی سُنائی۔ | دل چسپ |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |